DIRECTORATE OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

## اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 24-10-2022

| خبریں | اخبارات |
|---|---|
| 1۔بلوچستان کا معاشی مستقبل مائنز اینڈ منرلز سے وابستہ ہے، گورنر جان جمالی | آزادی ودیگر اخبارات |
| 2۔ہندو برادری ثقافت کا حصہ بن چکی، بچوں کو محفوظ مستقبل کیلئے پولیو کا خاتمہ ضروری ہے، عبدالقدوس بزنجو | جنگ ودیگر اخبارات |
| 3۔سیاست سے اخلاق ختم کرنے والوں کا جنازہ نکل چکا ،مولانا واسع | جنگ ودیگر اخبارات |
| 4۔بچوں کے صحت مند مستقبل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، ضیاء لانگو | مشرق ودیگر اخبارات |
| 5۔دُنیا کی کوئی طاقت بلوچستان کو پاکستان سے علیحدہ نہیں کرسکتی، جنرل آصف غفور | جنگ ودیگر اخبارات |
| 6۔بین الاقوامی معیار کے ایکسپو کا افتتاح کوئٹہ سے ہونا خوش آئند ہے، خالق ہزارہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 7۔حکومت تعلیمی شعبے کی مزید بہتری کیلئے کوشاں ہے، محمد خان اوتمانخیل | مشرق ودیگر اخبارات |
| 8۔موجودہ حالات میں ملک مزید بحرانوں کا متحمل نہیں ہوسکتا، زمرک اچکزئی | آزادی ودیگر اخبارات |
| 9۔سیلابی آفت نبردآزما ہونا اکیلئے حکومت کے بس کی بات نہیں، ربابہ بلیدی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 10۔سیلاب متاثرین میں تیار کھانے کی تقسیم کا سلسلہ جاری ہے، آئی ایس پی آر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11۔فنی تربیت سیکھنے والے قیدیوں کی سزامیں کمی کردی جائیگی، آئی جی جیل خانہ جات | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12۔چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ نے اسٹینوگرافر پر جرمانہ عائد کردیا | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 13۔بلوچستان کے 19 اضلاع میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم آج سے شروع ہوگی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14۔سیلاب متاثرہ علاقوں میں 14 میڈیکل کیمپس کا انعقاد | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 15۔بلوچستان میں قائم غیر ضروری چیک پوسٹوں کو ختم کیا جائے، عاصمہ جہانگیر کانفرنس میں سیاسی رہنماؤں کا مطالبہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 16۔وزیراعلیٰ زہری میں شہریوں کو تحفظ دیں، اسرار زہری | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 17۔عوام کے حقیقی احساسات جذبات اور امنگوں کی ترجمانی جاری رکھیں گے، بی این پی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 18۔موجودہ حکومت بھی ہمارے مسائل کے حل میں بے بس نظر آرہی ہے، سردار اختر مینگل | مشرق ودیگر اخبارات |
| 19۔کوئٹہ منشیات فروشوں اور لینڈ مافیا کا گڑھ بن چکا، جمعیت نظریاتی | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

جیونی پکنک پر جانے والے افراد پر تودا آگرا ایک بچہ جاں بحق 4 پھنس گئے، کوئٹہ 5 کروڑ روپے مالیت کا غیر ملکی زیرہ پکڑا گیا، ائیر پورٹ روڈ پولیس کی کاروائی منشیات برآمد، اخباری کارکن سے گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل وموبائل چھین لیے گئے۔

## عوامی مسائل

کوئٹہ بیوٹی فیکشن پروجیکٹ کے تحت نصیب مجسمے ٹوٹ پھوٹ کا شکار، بیوٹمز نے فیسوں میں 30 فیصد اضافہ کردیا طلبہ اور والدین پریشان، کوئٹہ کو ہلو شاہرہ نا قابل سفر ایگزیکٹو انجینئر سٹیشن سے غائب مسافر رل گئے۔

DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 24-10-2022

## اداریہ

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے **"میں نہ مانوں کی سیاست لمحہ فکریہ!!"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان سمیت ملک بھر میں ان دنوں ایک ایسے وقت میں جب پہلے سے سبھی شعبے مسائل اور مشکلات کی بھنور میں گھرے ہوئے ہیں حکومت کو معیشت سے لے کر معاشرت تک ہر شعبے ہر موڑ پر گونا گوں مسائل مشکلات اور چیلنجز درپیش ہیں۔ عام آدمی مسائل کے ہمالیہ سے نبرد آزما ہے ایسے میں سیاسی منظرنامے جاری غیر ضروری کشمکش ازحد تشویشناک اور پریشان کن ہے۔ ایف اے ٹی ایف کی گرے لسٹ سے اخراج کی کامیابی بہت مستحسن اور قابل اطمینان ہے لیکن یہ المیہ بھی ملاحظہ ہو کہ ایف اے ٹی ایف اعلامیہ کے فوری بعد اس اہم اور خالص نوعیت کے حامل معاملے پر بھی کریڈٹ کی جنگ دیکھنے میں آئی۔ حکومت وقت نے اگرچہ اس اس حوالے سے کوئی چھبتا بیان نہیں دیا البتہ پی ٹی آئی قیادت نے جھٹ سے بیانات دینے شروع کئے ایف اے ٹی ایف ایکشن پلان پر ہمارے دور میں کام ہوا ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ایف اے ٹی ایف کا اطمینان اور عالمی ادارے کے تحفظات کے ازالے اور غلط فہمیوں کو کافور کرنے کی حکمت عملی کی کامیابی قومی کامیابی ہے اور اس معاملے کو سیاست سے بالاتر ہو کر دیکھنے اور پرکھنے کی ضرورت ہے۔ توشہ خانہ ریفرنس میں الیکشن کمیشن نے پچھلے دنوں اپنا فیصلہ بھی سنا دیا ہے جس کے خلاف پی ٹی آئی عدالت گئی ہے جبکہ ساتھ ہی ساتھ ہر گزرتے دن کے ساتھ پہلے سے موجود سیاسی مخاصمت کشمکش اور عدم استحکام کی لہر گہری ہوتی جارہی ہے جو کسی المیے سے کم نہیں ہم نے پہلے بھی بارہا کہا ہے آج بھی ہم یہ سمجھتے ہیں کہ حکومت اور اپوزیشن دونوں کو چاہئے کہ وہ درپیش حالات میں ملک وقوم کی ترقی بہتری روشن مستقبل کیلئے سرجوڑ کر بیٹھیں تعمیری کردار ادا کریں میں نہ مانوں کی رٹ درپیش مسائل کا حل نہیں بلکہ یہ بہت بڑا المیہ اور لمحہ فکریہ ہے جس پر بارہائی غور فکر کرنے اور مراجعت کی ضرورت ہے۔

## ادریہ

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے " Tackling malnutrition " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 24 OCT 2022 Page No. 3

# بچوں کے صحت مند مستقبل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، ضیاء لانگو

بچوں کے صحت مند مستقبل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، ضیا

پولیو سے محفوظ بلوچستان صوبائی حکومت کا مشن ہے، والدین سے اپیل ہے کہ وہ بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے پلائیں، مشیر داخلہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ پولیو سے محفوظ بلوچستان ہمارا مشن ہے۔ پولیو جیسے موذی مرض کا مکمل خاتمہ اور اس سلسلے میں پولیو ورکرز کا تحفظ بھی صوبائی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ بچوں کو صحت مند مستقبل دینے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ انسداد پولیو مہم کے لئے محکمہ صحت کے ساتھ ضلعی انتظامیہ کو بھی متحرک کیا ہے تاکہ دشمن عناصر ہما.......

بقیہ نمبر23 صفحہ 10 پر

رے پولیو ورکرز جو کہ ہمارے دستہ اول کے ہیروز ہیں ان کو نقصان نہ پہنچا ئیں مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ نے پولیو سے بچاؤ کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا کہ انسداد پولیو اقدامات کی خود مانیٹرنگ کررہا ہوں۔ والدین سے اپیل ہے کہ وہ بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے پلائیں۔ پولیو کے خلاف جنگ قوم کے نونہالوں کے مستقبل کی جنگ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو ورکرز ہمارے ہیرو ہیں اور فرنٹ لائن ورکرز کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ ہم آج پولیو کے خاتمے کیلئے موثر اقدامات کرنے کے عہد کی تجدید کرتے ہیں اس دوران اثنا صوبائی مشیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کوئٹہ بار کے انتخابات میں ملک عابد کاکڑ اور نو منتخب کابینہ کے ارکان کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے انہوں نے کہا کہ وہ قانون کی بالادستی پر اعتماد کرتے ہیں اور وہ امید کرتے ہیں کہ نو منتخب کابینہ قانون کی بالادستی قائم رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں گیانہوں نے مزید کہا کہ وہ امید کرتے ہیں کہ جیتنے والے کوئٹہ بار کونسل کے ممبران وکلاء کی فلاح و بہبود کے لئے ہر دم کوشاں رہیں گے اور وکلاء کو درپیش مسائل کے حل کے لئے ہر ممکن اقدامات کریں گے۔

# سیلابی آفت سے نبرد آزما ہونا اکیلے حکومت کے بس کی بات نہیں، ربابہ بلیدی

حکومت اور ڈبلیو ایچ او کی کاوشوں کی بدولت سیلاب متاثرین کو ریلیف فراہم ہوا دکھی انسانیت کی خدمت کرنا ہم سب پر لازم ہے

سیلابی صورتحال کے بعد ڈبلیو ایچ او لوگوں کو طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنارہا ہے، ڈاکٹر محمد داؤد

نصیر آباد (نامہ نگار) پارلیمانی سیکرٹری سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی قانون و پارلیمانی امور ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے ڈبلیو ایچ او کی جانب سے قائم ایمرجنسی آپریشن کے سینٹر فار فلڈ ریلیف کا دورہ کیا ان کے ہمراہ سیاسی وقبائلی رہنما میر عطاء اللہ خان بلیدی میر اسد اللہ خان بلیدی اور امداد حسین مستوئی تھے ڈبلیو ایچ او کے ڈاکٹر محمد داؤد نے انہیں سیلابی صورتحال اور ڈبلیو ایچ او کی جانب سے کئے گئے اقدامات.......

بقیہ نمبر36 صفحہ 10 پر

کے حوالے سے آگاہی فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ سیلابی صورتحال کے بعد ڈبلیو ایچ او لوگوں کو طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنارہا ہے اس وقت ڈبلیو ایچ او ملیریا ڈائریا کالرہ اسکن ڈیزیز اور امراض چشم سمیت دیگر بیماریوں کی روک تھام کے لیے اقدامات کررہا ہے ان مختلف بیماریوں کی وجہ سے لوگوں کو مشکلات درپیش آرہی ہیں سیلاب متاثرین کی امداد کے لیے کئی ایمبولینسز بھی نصیر آباد ڈویژن کو دی گئی ہیں جبکہ ملیریا کی وباء سے محفوظ رکھنے کیلئے اینٹی ملیریا ڈرگ کا بہت بڑا اسٹاک ہمارے پاس موجود ہے نصیر آباد ڈویژن کے تمام اضلاع میں نارمل ڈیلیوری کے لیے بھی اقدامات کیے جارہے ہیں جہاں پر میڈیکل کیمپس کی ضرورت کو محسوس کیا جاتا ہے تو وہاں پر محکمہ صحت کے ساتھ ملکر کیمپس قائم کئے جارہے ہیں تاکہ سیلاب متاثرین کو طبی سہولیات فراہم کی جاسکیں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں لوگوں کے لیے ڈبلیو ایچ او نے جو کردار ادا کیا ہے وہ قابل ستائش ہے دکھی انسانیت کی خدمت کرنا ہم سب پر لازم ہے سیلاب کی تباہی سے لوگ بری طرح متاثر ہوئے ہیں سیلاب کی تباہی کے بعد پھیلنے والے مختلف امراض نے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا مگر حکومت اور ڈبلیو ایچ او کی کاوشوں کی بدولت سیلاب متاثرین کو ریلیف فراہم ہوا انہوں نے کہا کہ اس وقت جن علاقوں سے سیلابی پانی نکل چکا ہے متاثرین اب اپنے ٹوٹے گھروں کی جانب واپس جارہے ہیں جہاں پر انہوں کئی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا مگر ہمیں ان حالات میں انہیں ہرگز تنہا نہیں چھوڑنا پڑے گا حکومت سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے سروے کروارہی ہے تاکہ سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے اقدامات کیے جائیں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ ملکی اور غیر ملکی این جی اوز کو سیلاب متاثرین کی بحالی میں بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ سیلاب متاثرین ایک نئی زندگی کا آغاز کرسکیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 24 OCT 2022 Page No. 4


# بلوچستان کا معاشی مستقبل مائنز اینڈ منرلز سے وابستہ ہے، جان محمد جمالی

صوبہ کے تمام مائنز اینڈ منرلز کے مالکان کو درپیش مسائل ومشکلات کا ہمیں خوب احساس ہے اور حالیہ تباہ کن سیلابوں سے پیدا ہونے والی صورتحال میں سب سے زیادہ تاجر اور زمیندار بہت متاثر ہوچکے ہیں، قائم مقام گورنر بلوچستان

**حکومت تمام تجارتی وکاروباری سرگرمیوں کی مکمل بحالی، صوبہ میں مقامی مائنز اینڈ منرلز کے مالکان کو سرمایہ کاری کے منافع بخش مواقع فراہم کرنے اور مکمل تحفظ فراہم کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے، وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (این این آئی) قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی نے کہا ہے کہ صوبہ کے تمام مائنز اینڈ منرلز کے مالکان کو درپیش مسائل ومشکلات کا ہمیں خوب احساس ہے اور حالیہ تباہ کن سیلابوں سے پیدا ہونے والی صورتحال میں سب سے زیادہ تاجر اور زمیندار بہت متاثر ہوچکے ہیں تاہم حکومت تمام تجارتی وکاروباری سرگرمیوں کی مکمل بحالی، صوبہ میں مقامی مائنز اینڈ منرلز کے مالکان کو سرمایہ کاری کے منافع بخش مواقع فراہم کرنے اور مکمل تحفظ فراہم کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں آل پاکستان مائنز اینڈ منرل ایسوسی ایشن کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جسکی قیادت سوڈان میں تعینات پاکستانی سفیر میر بہروز ریگی اور سید فتح شاہ عارف کررہے تھے۔ اس موقع پر گورنر قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی نے کہا بلوچستان کا معاشی مستقبل مائنز اینڈ منرلز سے وابستہ ہے ان شعبوں کو باقاعدہ انڈسٹری کا درجہ دیکر ہی درپیش مشکلات پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی نے کہا کہ مائننگ ایریا میں انفراسٹرکچر کی بہتری اور سڑکوں کی تعمیر سے متعلق خدشات کے ازالے، ورکرز ویلفیئر بورڈ کی جانب سے مائنز میں کام کرنے والے مزدور پیشہ افراد کی بہتری کیلئے موثر اقدامات اٹھائے

(بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 5 پر)

جائیں گے اور اس ضمن میں وزیراعلیٰ بلوچستان، متعلقہ وفاقی وزیر اور دیگر متعلقہ ارباب اختیار کے سامنے معاملہ اٹھایا جائیگا۔

# موجودہ حالات میں ملک مزید بحرانوں کا متحمل نہیں ہوسکتا، زمرک اچکزئی

سیاست شائستگی کا نام ہے، صبر وتحمل اور شائستگی کا دامن کسی صورت نہیں چھوڑنا چاہیے، صوبائی وزیر خوراک

**توشہ خانہ فیصلہ، الیکشن کمیشن نے اپنے دائرہ اختیار میں رہ کر کیا ہے، الیکشن کمیشن فیصلے کرنے کا آئینی حق رکھتا ہے**

کوئٹہ (آئی این پی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما وصوبائی وزیر خوراک انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ توشہ خانہ فیصلہ، الیکشن کمیشن نے اپنے دائرہ اختیار میں رہ کر کیا ہے، الیکشن کمیشن اپنے دائرہ اختیار میں رہ کر فیصلے کرنے کا آئینی حق رکھتا ہے کسی کو الیکشن کمیشن کے فیصلے پر اعتراض ہے تو قانونی راستہ اختیار کرے آئین ہر کسی کو یہ حق دیتا ہے کہ کسی فیصلے کے خلاف اعلیٰ عدالتوں سے رجوع کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ یہ انصاف نہیں کہ فیصلہ حق میں ہو تو ٹھیک اور خلاف ہو تو غلط ہے موجودہ حالات میں پاکستان مزید بحرانوں کا متحمل نہیں ہوسکتا انہوں نے کہا کہ سیاست شائستگی کا نام ہے، صبر وتحمل اور شائستگی کا دامن کسی صورت نہیں چھوڑنا چاہیے توشہ خانہ کیس میں عمران خان کے خلاف فیصلہ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے اپنے دائرہ اختیار میں رہ کر کیا ہے۔ الیکشن کمیشن اپنے دائرہ

(بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 5 پر)

اختیار میں رہ کر فیصلے کرنے کا آئینی حق رکھتا ہے۔ کسی کو الیکشن کمیشن کے فیصلے پر اعتراض ہے تو قانونی راستہ اختیار کرے۔ آئین ہر کسی کو یہ حق دیتا ہے کہ کسی فیصلے کے خلاف اعلیٰ عدالتوں سے رجوع کیا جائے۔ تحریک انصاف بھی یہ حق رکھتی ہے کہ اگر ان کو فیصلے پر اعتراض ہے تو قانونی راستہ اختیار کرے۔ یہ انصاف نہیں کہ فیصلہ حق میں ہو تو ٹھیک اور خلاف ہو تو غلط ہے۔ موجودہ حالات میں پاکستان مزید بحرانوں کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ سیاست شائستگی کا نام ہے، صبر وتحمل اور شائستگی کا دامن کسی صورت نہیں چھوڑنا چاہیے۔

# بلوچستان کے 19 اضلاع میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم آج سے شروع ہوگی

## مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے 17 لاکھ 85 ہزار کے قریب بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائے جائیں گے، سید زائد شاہ

## مہم کے دوران تمام عملے کو فول پروف سیکورٹی دی جائے گی، جس پر بلوچستان لیویز، پولیس اور ایف سی کے جوان تعینات ہوں گے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایمرجنسی آپریشن سینٹر بلوچستان کے کوآرڈینیٹر سید زائد شاہ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے 19 اضلاع کی 426 یونین کونسلز میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم 24 اکتوبر بروز پیر سے شروع ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے 17 لاکھ 85 ہزار کے قریب بچوں کو پولیو سے بچا کے ......... بقیہ نمبر 7 صفحہ 10 پر

بقیہ نمبر 7 صفحہ 10 پر

قطرے پلائے جائیں گے، پولیو مہم کے دوران 6 ہزار 820 کے قریب ٹیمیں بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے پر مامور ہوں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ مہم کے دوران تمام عملے کو فول پروف سیکورٹی دی جائے گی، جس پر بلوچستان لیویز، پولیس اور ایف سی کے جوان تعینات ہوں گے، پولیو وائرس ان بچوں کو اپنا نشانہ بنا سکتا ہے جو پولیو سے بچا کے قطرے پینے سے محروم رہ جاتے ہیں۔ سید زائد شاہ نے کہا کہ بلوچستان میں جنوری سال 2021 سے اب تک پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا، بلوچستان کے ماحولیات میں اپریل 2021 سے اب تک پولیو وائرس نہیں ہے۔ ملک دیگر صوبوں کے اضلاع اور افغانستان میں پولیو وائرس کی موجودگی صوبہ بلوچستان کے لئے ایک چیلنج ہے۔ انہوں نے تمام والدین سے اپیل کی کہ پولیو سے بچا کی مہم کے دوران پولیو ورکرز سے بھرپور تعاون کریں، اپنے بچوں کو پولیو ویکسین ضرور پلائیں، پولیو کے خاتمے کیلئے ہونے والی مہمات کے باعث آج بلوچستان میں اس مرض پر ممکنہ حد تک قابو پالیا گیا ہے جو کہ بڑی پیشرفت ہے، اس ضمن میں معاشرے کے تمام طبقات کا کردار ادا کرنا خوش آئند بات ہے۔ جس سے اس مرض کے تدارک میں مدد مل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں میں اس بارے میں شعور اجاگر کرنے میں دیگر طبقات کے ساتھ علما کرام کا کردار نہایت ہی اہم ہے، جس کے باعث آج پولیو کے خلاف اہم منظم انداز میں مہم چلا کر اپنے بچوں کو محفوظ بنا رہے ہیں۔

INTEKHAB QUETTA

# سیلاب متاثرہ علاقوں میں 14 میڈیکل کیمپس کا انعقاد

## مریضوں کا علاج ومفت ادویات فراہم' آرمی ایف سی' سول انتظامیہ کے ہمراہ ریلیف وبحالی میں مصروف ہے

کوئٹہ (آئی این پی) سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پاکستان آرمی اور ایف سی بلوچستان، سول انتظامیہ کے ہمراہ سیلاب متاثرین کی ریلیف اور بحالی میں مصروف بقیہ نمبر 7 2 صفحہ 7 پر

بقیہ نمبر 7 2 صفحہ 7 پر

عمل ہیں۔ سیلاب زدہ علاقوں میں 2 ریلیف کیمپس فعال ہیں جہاں 3968 سیلاب زدگان کو پکا ہوا کھانا، راشن اور علاج معالجہ فراہم کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں پاکستان آرمی، ایف سی بلوچستان اور این ڈی ایم اے کی جانب سے 13433 کھانے کے پیکس اور 473 ٹینٹ، 5044 بستر ے اور 80 حفظان صحت کے بکس وغیرہ مستحق لوگوں میں تقسیم کیے گئے ہے۔ سیلاب سے متاثرہ اضلاع میں لوگوں کو متعدی امراض سے بچاؤ کے لیے فری میڈیکل کیمپس کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 24 OCT 2022 Page No. 8


# عوام کے حقیقی احساسات جذبات اور امنگوں کی ترجمانی جاری رکھیں گے، بی این پی

بلوچستان کے اس تاریخی اہمیت کے حامل علاقے میں پارٹی کو فعال اور متحرک بنانے کے خاطر جدوجہد کی جائے گی، غلام نبی مری

صوبے کے کونے کونے سے تیزی کیساتھ سیاسی کارکنان قبائلی عمائدین لکھے پڑھے افراد پارٹی میں شامل ہورہے ہیں، محی الدین لہڑی

قبائلی رہنما سردارزادہ محمد عالم پرکانی اور میر حاتم پرکانی کی برادری کے ہمراہ شمولیت خوش آئند ہے، علی احمد و دیگر کا جلسے سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام سرلٹ بجپائی کلی سردار رحیمل خان پرکانی میں گرینڈ شمولیتی جلسہ منعقد ہوا جسمیں قبائلی رہنما سردارزادہ محمد عالم پرکانی اور میر حاتم پرکانی نے اپنے برادری سمیت سردار اختر جان مینگل کی مخلصانہ جدوجہد پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے بلوچ قومی تحریک کے ہر دل عزیز قومی نمائندہ جماعت بلوچستان نیشنل پارٹی میں اپنے باقاعدہ شمولیت کا........ بقیہ نمبر 17 صفحہ 10 پر

اعلان کیا شمولیتی جلسے سے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر و ضلعی صدر غلام نبی مری، ضلعی سینئر نائب صدر ملک محی الدین لہڑی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر علی احمد قمبرانی، بی ایس او کے سابق مرکزی چیئرمین امان اللہ بلوچ، سردارزادہ محمد عالم پرکانی، میر حاتم پرکانی، فہیم بلوچ، نور احمد پرکانی، حاجی عبدالرشید رودینی، لالا عبدالرسول پرکانی اور حافظ امیر حمزہ نے خطاب کرتے ہوئے پارٹی میں نئے شامل ہونے والے قبائلی عمائدین کو شمولیت اختیار کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ وہ بلوچستان کے اس تاریخی اہمیت کے حامل علاقے میں پارٹی کو فعال اور متحرک بنانے کے خاطر جدوجہد کرینگے اور کسی قسم کی قربانی دینے سے دریغ نہیں کرینگے آج بلوچستان کے کونے کونے اور دور افتادہ علاقوں میں جس تیزی کیساتھ سیاسی کارکنان قبائلی عمائدین لکھے پڑھے افراد کی جھوک در جھوک سردار اختر جان مینگل کی ناقابل شکست قیادت میں شمولیت اختیار کررہے ہیں یہ اس بات کی واضح اور عملی ثبوت ہے کہ بلوچ قوم اور بلوچستانی عوام بی این پی کو حقیقی معنوں میں اپنا حقوق کے نجات دہندہ سیاسی، قومی، جمہوری نمائندہ جماعت گردانتے ہوئے فخر اور مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے بلوچستان اور بلوچ قومی جدوجہد کو فروغ دینے کی تحریک میں اپنی سیاسی وابستگی کا شعوری فکری اور نظریاتی سوچ کے پختگی کا عملی ثبوت فراہم کررہے ہیں کیونکہ یہاں کے عوام کو یہ بخوبی علم ہے کہ بی این پی نے روز اول سے لیکر آج تک ہمیشہ بلوچ قوم اور بلوچستانی عوام کے بنیادی انسانی معاشی اور معاشرتی مسائل کو اجاگر کرنے سماجی انصاف کے حصول قومی نابرابری کیخلاف حقیقی جمہوری رویوں کو فروغ دینے ساحل وسائل پر واک واختیار حق حکمرانی کی جدوجہد کے خاطر نبرد آزما قوتوں کیخلاف سیاسی اور جمہوری انداز میں سراپا احتجاج ہیں پارٹی کا اصولی موقف سوچ فکر اور بیانیہ نے آج یہ ثابت کیا کہ اس ملک میں بی این پی وہ واحد قوم وطن دوست ترقی پسند حقیقی پارلیمانی جماعت ہے کہ جنہوں نے اقتدار کی بجائے اقدار کو فروغ دیا اور اصولی موقف اپناتے ہوئے بلوچ قوم اور بلوچستان کے دیرینہ گمبیر سیاسی معاشی مسائل کے ایجنڈے کو اولیت دیکر ارباب اختیار اور حکمرانوں کے سامنے رکھ کر یہاں کے عوام کی حقیقی ارمانوں احساسات جذبات اور امنگوں کی ترجمانی کی ہے


INTEKHAB QUETTA


# وزیر اعلیٰ زہری میں شہریوں کو تحفظ دیں، اسرار زہری

## حفیظ اللہ کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، قائد نیشنل پارٹی عوامی

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی قائد سابق وفاقی وزیر میر اسرار اللہ خان زہری نے اپنے ایک مذمتی بیان میں کہا ہے کہ تحصیل زہری میں نوجوان تاجر حفیظ اللہ لونانی زہری کی دن دیہاڑے سرعام قتل قابل مذمت اقدام ہے زہری میں پے درپے واردات علاقہ کیا امن وامان کو تباہ کرنے کی ایک گہری سازش ہے زہری میں بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر

بدامنی پیدا کرنے والے قوتیں علاقہ عوام کو خوف وہراس کے ماحول میں دھکیلنے اور عوام کو گھروں میں محصور کرنے کی حربے استعمال کررہی ہے جوکہ علاقہ عوام کے امن وسکون برباد کررہی ہے آجکل زہری علاقہ بدامنی کی لپیٹ میں ہیں دن دیہاڑے سرعام لوگوں کی ٹارگٹ کرکے قتل عام کیا جارہا ہے علاقہ میں غارت گری روز کا معمول بن چکا ہے عوام بدامنی کی وجہ سے علاقہ سے نقل مکانی اور ہجرت پر مجبور ہوگیا ہے زہری میں سیاسی بدامنی کے کارکنان تاجر شہری عدم تحفظ کا شکار ہورہا ہے اس طرح کے خوف کے ماحول میں پرامن شریف شہریوں اور سیاسی لوگوں کا علاقہ میں رہنا مشکل ہوگیا ہے علاقہ میں بدامنی کرنے والے قوتیں پرامن شہریوں کو اپنے آباؤاجداد کے علاقہ سے راہ فرار اختیار کرنے پر مجبور کررہے ہیں پرامن تاجر سیاسی لوگوں کا قتل زہری علاقہ کو خانہ جنگی کی طرف دھکیل دے رہی ہیں اور علاقہ کے عوام میں فسادات کی بیج بوئی جارہی ہے اس سے علاقہ کے امن مزید تباہی وبربادی کی طرف جائیں گی ان خیالات کا اظہار بی این پی عوامی کے قائد سابق وفاقی وزیر میر اسرار اللہ خان زہری نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا میر اسرار اللہ خان زہری نے کہا کہ زہری علاقہ کے سیاسی کارکنوں اور تاجروں شریف شہریوں کا قتل عام کیا جارہا ہے عوام کو خوف کے ماحول میں دھکیل دے رہے ہیں یہ زہری علاقہ کے پرامن سیاسی لوگوں کے سوچ وفکر کے خلاف گہری سازش ہے میر اسرار اللہ خان زہری نے ایک سوال کے جواب پر کہا کہ زہری علاقہ کے خیر خواہ وعلاقہ معتبرین کی کمی بہت محسوس ہورہا ہے اب زہری علاقہ میں پرامن شریف شہریوں کے لئے رہنے کی جگہ نہیں رہا ہے علاقہ قاتلوں، دہشت گردوں، چوروں ڈاکوؤں، منشیات فروشوں غنڈہ گردوں، اشتہاریوں کا آماجگاہ بن چکا ہے پرامن شریف شہریوں تاجروں سیاسی ورکروں کی زندگی غیر محفوظ ہے علاقہ کے امن مکمل طور پر داؤ پر لگ گیا ہے میر اسرار اللہ خان زہری نے کہا ہے زہری علاقہ میں دن دیہاڑے لوگوں کا قتل عام کرکے قاتلوں کا باآسانی فرار ہونا سمجھ سے عاری ہے زہری میں لوگوں کی جان ومال عزت ونفس غیر محفوظ ہے علاقہ دہشت گردوں قاتلوں کی کنٹرول میں آگئے ہیں انتظامیہ کی رٹ نام کی چیز روگ رہے ایک چھوٹے تحصیل میں پانچ سو دکانوں کے دیہات کے بازار میں گھس کر قاتل لوگوں کو قتل کیا جارہا ہے اور تسلی سے فائرنگ کرکے فرار ہوجاتے ہیں علاقہ میں جتنے واردات ہوئے ہیں انکا ایک بھی مجرم ابھی تک گرفتار نہ ہوسکا ہے میر اسرار اللہ خان زہری نے مزید کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان کمشنر قلات ڈویژن، ڈپٹی کمشنر خضدار و دیگر اختیار داران تحصیل زہری سے خوف کی ماحول کو ختم کرکے یہاں کے پرامن شریف شہریوں کی جان ومال کو تحفظ دیں اور تاجر نوجوان حفیظ اللہ لونانی زہری کے قاتلوں کو فوری گرفتار کرکے انکے لواحقین کو انصاف فراہم کیا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 24 OCT 2022 Page No. 10

## کوئٹہ منشیات فروشوں اور لینڈ مافیا کا گڑھ بن چکا، جمعیت نظریاتی

**انصاف دلانے والے بھی بے بسی کا مظاہرہ کر رہے ہیں، قاری مہر اللہ و دیگر**

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی مولانا نیاز محمد، مولانا اللہ بخش، آغا ابراہیم شاہ حاجی فیض اللہ اخوندزادہ مولانا محمد صادق صالح سجاد و دیگر نے کہا ہے کہ کوئٹہ منشیات فروشوں اور لینڈ مافیا کا گڑھ بن چکا ہے لینڈ مافیا کی وجہ سے آئے روز قتل کے واقعات رونما ہو رہے ہیں انصاف دلانے والے بھی بے بسی کا مظاہرہ کر رہے ہیں مظلوم کی کوئی شنوائی نہیں رہی ہے حتیٰ کہ لینڈ مافیا کی کارستانیوں کا نوٹس لینے تک کوئی نہیں رہنماؤں نے کہا کہ لینڈ مافیا غریب اور شریف لوگوں کی زمینوں پر مسلسل قبضہ کر رہا ہے ایک دن زمین پر قبضہ ہوتا ہے تو دوسرے دن وہ فروخت کر دی جاتی ہے جس سے فساد پھیلانے کا خدشہ ہے حکومت لینڈ مافیا کیخلاف ٹھوس عملی کارروائی کی ضرورت ہے۔

## انسانی حقوق کی عالمی تنظیمیں بلوچ نسل کشی کا نوٹس لیں، نیشنل پارٹی

**تابش بلوچ کو جعلی مقابلے میں شہید کیا گیا، خیر بخش بلوچ کا مظاہرے سے خطاب**

نوشکی (پ ر) نیشنل پارٹی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری خیر بخش بلوچ، بی ایس او پجار کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری وکرم کنول بلوچ، سی سی ممبر آغا حق نواز شاہ، نیشنل پارٹی نوشکی کے صدر رب نواز شاہ، تحصیل آرگنائزر بابو خان محمد بلوچ پجار نوشکی زون کے صدر مشتاق بلوچ، جنرل سیکرٹری اظہار بلوچ و دیگر نے کہا ہے کہ تابش وسیم بلوچ کو لاپتہ کرکے شہید کرنے کا واقعہ پہلا واقعہ نہیں بے گناہ نوجوانوں کو تسلسل کے ساتھ لاپتہ کرکے شہید کیا جا رہا ہے جس کی ایک تاریخ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پجار نوشکی زون کے زیر اہتمام سی ٹی ڈی آپریشن کے خلاف میر گل خان نصیر چوک پر احتجاجی مظاہرے سے خطاب میں کیا اس موقع پر شرکاء نے پلے کارڈ، بی ایس او کے جھنڈے اور شہداء کی تصاویر اٹھا رکھی تھیں۔ مقررین نے کہا کہ ہم نے شہید تابش بلوچ سمیت دیگر لاپتہ بلوچوں کی بازیابی کیلئے بلوچستان سمیت کراچی میں بھی مظاہرے کیے مگر تابش بلوچ سلال یاور بی اور دیگر نوجوانوں کو دہشت گرد کہہ کر شہید کیا گیا جو قابل مذمت ہے۔ بلوچستان کا مسئلہ سیاسی ہے اور اس کا حل مذاکرات کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ مقررین نے عالمی انسانی حقوق کی تنظیموں سے اپیل کی کہ وہ بلوچ نسل کشی کا نوٹس، اغواء نما گرفتاریوں، لاپتہ افراد کی بازیابی اور انہیں عدالت میں پیش کرنے کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔

## جدید دور میں اسلامی خطاطی کو زندہ رکھنا صبر آزما کام ہے، لشکری رئیسانی

**حکومت فن سے وابستہ افراد کی بھرپور سرپرستی کرے، قومی مقابلہ خطاطی کے شرکاء سے خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان پیس فورم کے سربراہ سینئر سیاستدان نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ ارتقاء ایک فطری عمل ہے جو معاشروں اور اقوام کے لئے ناگزیر ہوتا ہے انفارمیشن ٹیکنالوجی کے انقلاب کے باوجود خطاطی کے قدیم اسلامی فن کو زندہ رکھنا بہت مشکل اور صبر آزما کام ہے جس کے لئے اس فن سے وابستہ افراد خراج تحسین کے مستحق ہیں دیگر علوم و فنون کی طرح فن خطاطی نے بھی مختلف ادوار طے کئے ہیں کیلی گرافرز کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل ہونے چاہئیں تاکہ وہ زیادہ فعالیت کے ساتھ اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لاسکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ادارہ ثقافت کوئٹہ میں کیلی گرافرز ایسوی ایشن اور نظامت ثقافت کے زیر اہتمام سید الانبیاء ﷺ کے عنوان سے منعقدہ قومی مقابلہ خطاطی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے نمائش میں رکھے گئے فن پاروں دیکھے اور ملک بھر سے آئے کیلی گرافرز سے بات چیت بھی کی سابق سینیٹر نے کہا کہ بلوچستان سمیت ملک بھر سے آئے خطاط حضرات کو خوش آمدید کہتا ہوں اور اس امید کا اظہار کرتا ہوں کہ وہ عشق رسول ﷺ کے اظہار کے لئے اپنے فن اور اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا استعمال جاری رکھیں گے میرے لئے یہ بہت بڑا اعزاز ہے کہ میں ایک ایسی تقریب کا حصہ ہوں جس میں آئے لوگ عشق رسول ﷺ کا اظہار اپنے فن کے ذریعے کر رہے ہیں بالخصوص بلوچستان میں جہاں اس وقت بھی ایک بحرانی کیفیت ہے اس کے باوجود ہمارے لوگ اس قدیم اسلامی فن سے منسلک اور اپنی صلاحیتوں کا اظہار کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فن خطاطی فی زمانہ ختم ہوتا جا رہا ہے حکومت کو چاہئے کہ وہ نامساعد حالات کے باوجود اسلامی فن سے وابستہ افراد کی ہر ممکن سرپرستی کرے ذاتی طور پر میں بھی کوشش کروں گا کہ ان کا ہاتھ بٹاؤں کیلی گرافرز اور منتظمین کی جانب سے پیش کردہ سپاسنامہ پر عملدرآمد کے لئے انہیں بھرپور مدد کی یقین دہانی کراتا ہوں۔

INTEKHAB QUETTA

## ایک بار پھر کوئٹہ کو سیکورٹی کے حصار میں دیا جا رہا ہے، ملک ولی کاکڑ

**آئے روز بدامنی، قتل و غارت اور چوری و ڈکیتی کی وارداتوں نے عوام کو ہیجانی کیفیت کا شکار کر دیا ہے**

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ملک عبدالولی کاکڑ نے کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں بدامنی کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئے روز بیٹا ماں بھائی بھائی کو قتل کر رہا ہے بڑھتی ہوئی قتل و غارت گیری اور شہر کی گھمبیر صورتحال پہ توجہ دینے کی ضرورت ہے حکومت کی خاموشی باعث تشویش ہے، آن

بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر

لائن، سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایک بار پھر کوئٹہ کو سیکیورٹی کے حصار میں دیا جا رہا ہے اور آئے روز بدامنی قتل و غارت گیری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں نے عوام کو ہیجانی کیفیت میں مبتلا کر دیا ہے معاشرتی اقدار پامال ہو رہی ہیں بھائی بھائی کا شوہر بیوی کا اور بیٹا ماں کی قتل و غارت گیری کر رہا ہے اس صورت حال پر قابو پانے اور لوگوں کو اس ڈپریشن سے نکالنے کیلئے اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے ایک بار پھر شہر کے مختلف علاقوں میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے شہریوں کو چیکنگ کے نام پر کئی گھنٹوں تک ذلیل کیا جا رہا ہے اس صورتحال کا نوٹس لینا چاہئے شہری سڑکیں چوراہے کھنڈرات میں تبدیل ہو چکے ہیں منٹوں کا سفر گھنٹوں میں طے ہو رہا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 4

Dated 24 OCT 2022

Page No. 12


## ایرانی پاسدار انقلاب کا ممتاز عالم دین مولانا عبدالمجید بلوچ کو دھمکیاں

### مولانا عبدالمجید نوجوانوں کو ایرانی حکومت کیخلاف مشتعل کررہے ہیں

### نوجوانوں کو مشتعل کرنے کا عمل مولانا کو بہت مہنگا پڑے گا' پاسداران انقلاب

تہران (این این آئی) ایران کی سپاہ پاسداران انقلاب نے ایک معروف سنی عالم دین پر اسلامی جمہوریہ کے خلاف احتجاج انگیخت کرنے کا الزام عائد کیا

بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر

ہے اور خبردار کیا ہے کہ انھیں اس کی بھاری قیمت چکانا پڑ سکتی ہے۔ انھوں نے گذشتہ ماہ زاہدان شہر میں درجنوں افراد کے قتل کا ذمہ دار سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای سمیت دیگر حکام کو قرار دیا تھا۔ انسانی حقوق کی عالمی تنظیم ایمنسٹی انٹرنیشنل کے مطابق سکیورٹی فورسز نے 30 ستمبر کو جنوب مشرقی شہر زاہدان میں نماز جمعہ کے بعد کریک ڈاؤن میں کم سے کم 66 افراد کو ہلاک کر دیا تھا۔

## گڈانی، دو نامعلوم افراد کی نعشیں

حب (نمائندہ انتخاب) گڈانی اسٹاپ حب ندی پل کے نیچے اور ساکران چیکو باغ سے دو نامعلوم افراد کی نعشیں برآمد، اسپتال منتقل کر دی گئیں، شناخت نہ ہونے کے سبب ایدھی سرد خانہ سہراب گوٹھ کراچی منتقل کر دیے گئے اس حوالے سے ایدھی ذرائع کے مطابق متوفی

بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر

دونوں نشے کے عادی تھے اس حوالے سے ایدھی ریسکیو ذرائع کے مطابق ایک اطلاع پر گزشتہ روز ایدھی رضا کاروں نے گڈانی اسٹاپ حب ندی پل کے نیچے سے ایک 40 سالہ نامعلوم شخص اور ساکران چیکو باغ سے 50 سالہ ایک نامعلوم شخص کی نعش برآمد کرلیا

## نصیر آباد، روپوش ملزم گرفتار

نصیرآباد (نامہ نگار) پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی کی ہولڈ اپ چیکنگ میں موثر کارروائی۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس نصیرآباد رینج عبدالحئی بلوچ کے خصوصی احکامات و ایس ایس پی نصیرآباد میر حسین احمد لہڑی کی ہدایات پر ڈی ایس پی

بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر

سرکل سٹی گلاب خان ٹیج کی سربراہی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی سکندر سعید عرانی نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ فرد نمبر 133/2022 جرم 395 میں روپوش ملزم عبدالرشید ولد الٰہی بخش قوم بوبڑ کو گرفتار کرلیا۔

AZADI QUETTA

## جھل مگسی دو افراد گرفتار اسلحہ و گولہ بارود برآمد

### پولیس کے سروس کارڈ گاڑیوں کی نمبر پلیٹیں اسلحہ ایمونیشن برآمد کرکے قبضہ میں لے لیا

کوئٹہ (آن لائن) جھل مگسی لیویز کے عملے نے جرائم پیشہ عناصر قتل اور دیگر مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کیلئے کارروائی کرتے ہوئے مطلوب ملزم سمیت دو ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے اسلحہ ایمونیشن راکٹ لانچر موٹر سائیکل سندھ پولیس کے سروس کارڈ گاڑیوں کی نمبر پلیٹیں اسلحہ ایمونیشن برآمد کرکے قبضہ میں لے لیا تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر جھل مگسی فلائٹ لیفٹیننٹ ریٹائرڈ یاسر حسین اسسٹنٹ کمشنر رحمت اللہ شاہ کی ہدایت پر نائب

(بقیہ نمبر 35 صفحہ نمبر 7 پر)

رسالدار عبدالرزاق اور دیگر عملے نے جاگن خان سنگرانی کے علاقے میں ملزمان اور ڈاکوں کے ٹھکانے پر کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی اور دیگر وارداتوں میں ملوث ملزم اللہ بخش سمیت دو ملزمان کو گرفتار کرکے ایک راکٹ لانچر درجن سے زائد سندھ پولیس کے سروس کارڈ بیلٹ گاڑیوں کی نمبر پلیٹیں کاغذات ہوٹر اسلحہ ایمونیشن میگزین مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کرکے قبضے میں لیکر ملزمان کے خلاف کارروائی شروع کردی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 5    Dated: 24 OCT 2022    Page No. 13


# کوئٹہ بیوٹی فکیشن پروجیکٹ کے تحت نصب مجسمے ٹوٹ پھوٹ کا شکار

## مختلف مقامات پر مصنوعی گھاس، گھڑیال اور فینسی لائٹس بھی دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث افادیت کھو گئیں، عوامی حلقوں کا شدید غم و غصہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ بیوٹی فکیشن پروجیکٹ بے سود، صوبائی دارالحکومت کی خوبصورتی کے منصوبے اپنی اہمیت کھو گئے، دیکھ بھال نہ ہونے اور ذمہ داروں کے عدم تعین کی وجہ سے کھنڈر میں تبدیل، خوبصورتی کے بجائے بدنما لگنے لگے۔ تفصیلات کے مطابق سمنگلی روڈ کوئٹہ پھاٹک راؤنڈ اباؤٹ، باچا خان چوک گھڑیال، کلی گل محمد کمیونٹی پارک، زرغون روڈ مصنوعی گھاس، رنگ برنگی فینسی لائٹس اور ایئر پورٹ روڈ پر تعمیر کیے جانے والے مجسمے بھی ٹوٹ پھوٹ کا شکار، رپورٹ کے مطابق سمنگلی روڈ کوئٹہ پھاٹک کے اطراف میں قائم راؤنڈ اباؤٹ خوبصورتی کے بجائے بدنما لگنے لگا ہے گرل و پودے ٹوٹ پھوٹ کا بھی شکار ہے جسکی وجہ سے راؤنڈ اباؤٹ کی خوبصورتی ماند پڑ گئی ہے جبکہ کافی عرصہ گزرنے کے بعد بھی اس کی مرمت نہیں کی جا سکی جبکہ مذکورہ راؤنڈ اباؤٹ پر آبشار بھی بنائی گئی تھی جو تاحال فعال نہیں ہو سکی اسی طرح کوئٹہ بیوٹیفکیشن پروجیکٹ کے تحت زرغون روڈ کے اکثر حصوں میں مصنوعی گھاس بچھائی گئی جو اکثر مقامات سے غائب ہو گئی ہے جبکہ ایئر پورٹ روڈ پر تعمیر کیے جانے والے مجسمے بھی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں اور اکثر پر اشتہارات چسپاں کر دیے گئے ہیں اسی طرح باچا خان چوک پر گھڑیال کی تنصیب کا منصوبہ بھی بیکی کا سبب بن گیا ہے اور اپنی اہمیت کھو چکا ہے لاکھوں روپے کے فنڈ سے یہ منصوبہ مکمل کیا گیا جسکی اب ٹائلیں بھی ٹوٹ چکی ہیں گھڑیال بھی خراب ہے اور ٹاور پر اشتہارات لگا دیے گئے ہیں جبکہ ایئر پورٹ روڈ بالمقابل کلی گل محمد تعمیر کیے جانے والا کمیونٹی پارک بھی زبوں حالی کا شکار ہے جس کے اطراف میں گرل لگائی گئی تھیں مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کی وجہ سے مذکورہ پارک زبوں حالی کا شکار ہو گیا ہے سبزہ و جھولے نایاب ہیں گرلیں اکثر مقامات سے چوری ہو چکی ہیں جس کی وجہ سے لاکھوں روپے کا فنڈ کھنڈرے لائن لگ گیا ہے اور ریڑھی بانوں نے اس پر قبضہ کر رکھا ہے اسی طرح میٹروپولیٹن کارپوریشن نے شہر کی خوبصورتی کے لئے رنگ برنگی فینسی لائٹس لگائی تھی لیکن اب وہ بھی خراب ہو گئی ہیں عوامی و سماجی حلقوں نے کہا کہ اکثر منصوبوں کی کوئی ذمہ داری نہیں لے رہا جسکی وجہ سے نہ ہی انکی دیکھ بھال کی جاتی ہے اور نہ ہی مرمت عوامی حلقوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سے اپیل کی کہ وہ کوئٹہ کی خوبصورتی بحال کرنے کے لئے عملی اقدامات کریں اور ٹوٹ پھوٹ کا شکار منصوبوں کا نوٹس لیں۔

# یونیورسٹیز نے فیسوں میں 30 فیصد اضافہ کر دیا، طلبہ و والدین پریشان

## اکثر طلبہ نے فیس کی اقساط میں وصولی کی درخواست کی لیکن عملدرآمد نہیں ہو سکا، سمسٹر ضائع ہونیکا اندیشہ ہے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز میں فیسوں میں اضافہ، طلبا و طالبات کو شدید مشکلات کا سامنا، تفصیلات کے مطابق طلبا و طالبات کا کہنا ہے کہ بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز میں فیسوں میں اضافہ کیا گیا ہے، جو قابل قبول نہیں، وہ غریب گھرانوں سے تعلق رکھتے ہیں، اور انتہائی مشکل حالات میں اپنی پڑھائی جاری رکھے ہوئے ہیں، اس حوالے سے ذرائع کا کہنا ہے کہ بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز میں نئے داخلوں کی فیسوں میں 30 فیصد اضافہ کیا گیا ہے، اور یہ اضافہ تین سال کے بعد کیا گیا ہے، ایچ ای سی کی جانب سے بجٹ نہیں بڑھایا گیا، جس کی وجہ سے مجبوری میں ایڈمیشن فیس بڑھائی گئی ہے۔ اکثر متوسط و غریب گھرانوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ نے بتایا کہ انہوں نے فیسوں کی اقساط میں وصولی کی درخواست بھی کی ہے جس پر عملدرآمد نہیں کیا جا رہا جس کے باعث ان کا سمسٹر اور قیمتی وقت ضائع ہو سکتا ہے، واضح رہے کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) نے نیشنل فنانس کمیشن (این ایف سی) کے فارمولے کے تحت بلوچستان کی یونیورسٹیوں کو 9 فیصد حصہ دینا تھا، لیکن صوبے کی یونیورسٹیوں کو دیا جانے والا حصہ صرف 5.4 فیصد رہا، جس کی وجہ سے جس سے یونیورسٹیوں کو مالی مسائل کا سامنا تھا اور انہیں 9.2 بلین روپے کی سالانہ آمدنی کی کمی کا سامنا تھا۔ ٹیوشن فیس سے یونیورسٹیوں کی کل آمدنی 4.1 بلین روپے تھی، جبکہ ایچ ای سی سے 4.3 بلین روپے موصول ہوئے تھے، جبکہ صوبائی حکومت کی گرانٹ ان ایڈ 5.2 بلین روپے تھی۔ یونیورسٹیوں کی مالی معاونت کے لیے صوبائی بجٹ میں 5.2 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں جو کہ ایک متفقہ فارمولے کے مطابق 10 یونیورسٹیوں میں تقسیم کیے گے۔ جبکہ گرانٹ کی تقسیم کے لیے طے شدہ فارمولے میں تمام عوامل کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated 24 OCT 2022 Page No. 14


# خاران دودھ کے نرخ بڑھ گئے ملک شاپس نے 20 روپے اضافہ کا اعلان کر دیا

**ملک شاپ مالکان نے چارے کی قیمتوں میں اضافہ بہانہ بنا کر عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کا سلسلہ شروع کر دیا**

**کمشنر رخشان ڈویژن، ڈپٹی کمشنر خاران فوری نوٹس لے کر مہنگائی پر قابو پانے کیلئے موثر اقدامات اٹھائیں، عوام کی اپیل**

خاران (اے این این) خاران میں دودھ کی قیمتیں بے لگام ڈیری فارمز نے اچانک 20 روپے فی کلو قیمتوں میں اضافہ کر دیا ملک شاپس مالکان کا کہنا ہے کہ جانوروں کے چارے اور اجناس کی قیمتوں میں کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے واضح رہے پچھلے سال نومبر میں انہوں نے دودھ 100 روپے سے بڑھا کر 120 روپے فی کلو کر دیا تھا جانوروں کیلئے خشک روٹی 60 روپے فی کلو پچھلے سال 50 روپے فی کلو اس سال بھی 50 روپے فی کلو جبکہ سرکاری نرخ نامہ میں ابھی تک 100 روپے فی کلو ہے لیکن انہوں گرانفروشوں نے جانوروں کیلئے خشک روٹی کی قیمت میں اضافہ کر کے 140 روپے فی کلو کر دیا خاران کے دودھ فروشوں نے 20 روپے فی کلو میں اضافے کے بعد 140 روپے کرنے کا اعلان کیا خاران میں دودھ فروشوں کی من مانیاں جاری ہیں اور دودھ کھلے عام دودھ کی 140 روپے کلو فروخت جاری ہے کوئی پوچھنے والا نہیں عوامی حلقوں نے اپیل کی ہے کہ خاران شہر میں دودھ کی بڑھتی ہوئی قیمتوں پر کمشنر رخشان ڈویژن ڈپٹی کمشنر خاران اسسٹنٹ کمشنر خاران فوری نوٹس لے کر مہنگائی پر قابو پانے کیلئے اقدامات اٹھائیں۔

# کوئٹہ کوہلو شاہراہ ناقابل سفر، ایگزیکٹو انجینئر سٹیشن سے غائب، مسافر رل گئے

**سیلابی ریلوں سے کوہلو، کوئٹہ قومی شاہراہ سفر کے قابل نہیں، مسافر اور مال بردار گاڑیوں کو مشکلات کا سامنا**

**کوہلو، دکی شاہراہ کی حالت بھی اس سے مختلف نہیں منٹوں کا سفر گھنٹوں میں طے ہونے لگا**

**بارشوں، روڈ انفراسٹرکچر تباہ حال، ایگزیکٹو انجینئر مواصلات لاپرواہ، تعمیراتی کام سست روی کا شکار**

**متعلقہ محکموں نے حکومتی احکامات ہوا میں اڑا دیئے، سڑکوں کی مرمت کیلئے مشینری تک دستیاب نہیں**

**متعلقہ افسر کی سٹیشن پر موجودگی، سڑکوں کی بحالی کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جائیں، عوام کی اعلیٰ حکام سے اپیل**

کوہلو (نمائندہ مشرق) بارشوں اور سیلابی ریلوں سے متاثرہ کوہلو کوئٹہ قومی شاہراہ سفر کے قابل نہ ہونے سے مسافر اور مال بردار گاڑیوں کو مشکلات کا سامنا کوہلو دکی شاہراہ خستہ حالی کے باعث سفر کے قابل نہیں رہی رپورٹ کے مطابق سیلاب اور بارشوں نے جہاں ہر شعبے میں تباہی مچا دی وہی کوہلو کا کوئٹہ سبی دکی سمیت دیگر علاقوں سے منسلک رابطہ سڑکیں تباہ حال بہہ جانے سے روڈ انفراسٹرکچر بری طرح متاثر ہے جس سے مال بردار اور مسافر گاڑیوں کو شدید مشکلات درپیش ہیں صوبائی حکومت کے واضح احکامات اور ہدایات کو متعلقہ محکموں نے ہوا میں اڑا دیئے مشینری تک دستیاب نہیں ہے دوسری جانب محکمہ مواصلات کے ایگزیکٹو انجینئر گزشتہ ایک ماہ سے اسٹیشن پر موجود ہی نہیں جس سے سڑکوں کی بحالی اور تعمیرات کے حوالے سے اقدامات سست روی کا شکار ہیں عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو، چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی، صوبائی وزیر مواصلات سردار عبدالرحمان کھیتران، سیکرٹری مواصلات اور کمشنر سبی ڈویژن سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ متعلقہ محکمے کے افسران کی اسٹیشن پر موجودگی، سڑکوں کی فوری بحالی کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جائیں۔

بینک حکام کے مطابق ادارے کے اکاؤنٹ میں اس وقت رقم نہ ہونے کے برابر ایم سی ڈیرہ اللہ یار کا بجٹ ناکافی، عملے نے کام کرنے سے انکار کر دیا

# میونسپل کارپوریشن ڈیرہ اللہ یار دیوالیہ، عملے نے صفائی کا کام بند کر دیا

میگا کرپشن کے الزام میں چیف آفیسر محمد انور قمرانی چار روز قبل معطل، جاتے جاتے محکمے کو 2 کروڑ 78 لاکھ کا ٹیکہ لگا دیا، ادارے کی رقم اکاؤنٹ سے غائب

کارپوریشن کے ملازمین نے واجبات کی عدم ادائیگی پر مشینری آف روڈ کر دی، قومی شاہراہ اور مین بازار میں سیوریج کا پانی داخل، ہر طرف سیلاب کا منظر

چیف آفیسر کی معطلی سے قبل اکاؤنٹ میں 1 کروڑ 83 لاکھ، بارشوں کے دوران حکومت کی جانب سے 25 لاکھ جبکہ سیلاب کے دوران ستمبر میں 70 لاکھ جاری کیے گئے تھے

محکمے کی جانب سے عوام کو کسی قسم کی میونسپل سروسز فراہم نہیں ... گندگی کے ڈھیر سے بیماریاں پھیلنے کا خدشہ، شہریوں نے ادارے کو دیوالیہ بنانے والوں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کر دیا

ڈیرہ اللہ یار (رپورٹ وجی بخش کھوسہ) میونسپل کارپوریشن ڈیرہ اللہ یار کا بجٹ خالی، کارپوریشن کے دیوالیہ ہونے کے بعد خاکروب و مشنری اسٹاف نے کام بند کر دیا، چار روز قبل کرپشن کے الزام میں معطل چیف آفیسر نے ایم سی کے اکاؤنٹ سے 2 کروڑ 78 لاکھ روپے نکلوا لئے جس سے ادارہ تاریخ کے بدترین مالی بحران کا شکار ہو گیا ڈیرہ اللہ یار میں ایک مرتبہ پھر سیوریج کا پانی قومی شاہراہ اور مین بازار میں داخل جس سے کاروبار زندگی بری طرح متاثر ہو گیا کارپوریشن کے ملازمین نے واجبات کی عدم ادائیگی پر مشینری آف روڈ کر دی تفصیلات کے مطابق گزشتہ دنوں محکمہ لوکل گورنمنٹ کے نوٹیفکیشن میں معطل ہونے والے ایم سی ڈیرہ اللہ یار کے ایڈمنسٹریٹر چیف آفیسر نے کارپوریشن کو بھی دو کروڑ 78 لاکھ روپے کا ٹیکہ لگا دیا ایم سی کے ذرائع کے مطابق 23 جون 2022 میں میونسپل کارپوریشن کا چارج لینے کے وقت ادارے کے بینک اکاؤنٹ میں مشینری کی مد میں ایک کروڑ 83 لاکھ روپے کی خطیر رقم موجود تھی طوفانی بارشوں کے دوران صوبائی حکومت کی جانب سے ماہ اگست میں ایم سی کو 25 لاکھ روپے جبکہ سیلاب کے دوران ماہ ستمبر میں 70 لاکھ روپے جاری کیے گئے واضح رہے کہ ملازمین کی تنخواہیں، پٹرول اور دیگر اخراجات اس کے علاوہ ہیں ذرائع کے مطابق 19 اکتوبر کو لوکل گورنمنٹ حکومت بلوچستان کے ایک سرکاری نوٹیفکیشن نمبر BLG1930/35 کے مطابق چیف آفیسر محمد انور قمرانی کو میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد میں میگا کرپشن کے الزام میں ... معطل کر دیا گیا ہے جس کے بعد ڈیرہ اللہ یار کے اکاؤنٹ سے سرکاری خزانہ نکلوا لئے گئے بینک حکام کے مطابق ادارے کے اکاؤنٹ میں اس وقت رقم نہ ہونے کے برابر ایم سی ڈیرہ اللہ یار کا بجٹ ناکافی ہونے کے باعث عملے نے کام کرنے سے انکار کر دیا گزشتہ چار دنوں سے شہر میں محکمے کی جانب سے عوام کو کسی قسم کی میونسپل سروسز فراہم نہیں کی جا رہی ہیں جس سے شہر بھر میں جابجا گندگی کے ڈھیر لگ گئے تو دوسری جانب سیوریج نالوں سے پانی قومی شاہراہ اور مین بازار سمیت سرکاری دفاتر میں بھی داخل ہونا شروع ہو گیا واضح رہے کہ مذکورہ چیف آفیسر جب اوستہ محمد میں تعینات تھے تو انہیں محکمے نے میگا کرپشن کے الزام میں معطل کر دیا تھا جنہیں محکمہ بلدیات سے جب کلین چٹ ملی تو فوری بعد میونسپل کارپوریشن ڈیرہ اللہ یار کا چارج دے دیا گیا مقامی شہریوں نے محکمہ بلدیات کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ میونسپل کارپوریشن ڈیرہ اللہ یار کو دیوالیہ کرنے میں ملوث آفیسران کے خلاف جلد ہی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

# 80 ہزار آبادی پر مشتمل ماشکیل زندگی کی بنیادی سہولیات سے محروم

یوٹیلٹی اسٹور کی عدم موجودگی کے سبب مہنگائی آسمان سے باتیں کر رہی ہے جس کی وجہ سے غریب کا جینا دوبھر ہوتا جا رہا ہے، قیمتوں پر کنٹرول کرنے کا نظام غیر فعال

تین واٹر سپلائی اسکیمات کی موجودگی کے باوجود لوگ مضر صحت پانی پینے پر مجبور ہیں جس سے محکمہ کے خلاف متعدد سوالات جنم لے رہے ہیں، مسائل حل کیے جائیں، شہریوں کی اپیل

ماشکیل (نیوز ایجنسیاں) ماشکیل میں یوٹیلٹی اسٹور کی عدم موجودگی سے آسمان سے باتیں کرنے والی مہنگائی نے غریب عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے ہر نئے دن کے ساتھ اشیائے خورد و نوش کی قیمتیں بڑھنے سے لوگوں کی مشکلات میں مزید اضافہ ہو رہا ہے یوٹیلٹی اسٹور کے قیام سے مہنگائی کو کنٹرول اور غریب باسیوں کو ریلیف دیا جا سکتا ہے اسی ہزار آبادی پر مشتمل سرحدی تحصیل ماشکیل یوٹیلٹی اسٹور سے محروم ہے جبکہ آسمان سے باتیں کرنے والی مہنگائی کو کنٹرول کرنے کے حوالے سے کوئی اقدامات نظر نہیں آ رہے ہیں دوکاندار اپنی مرضی کے مطابق اشیاء خورد و نوش فروخت کر رہے ہیں علاقے کے سیاسی و سماجی حلقوں نے متعلقہ حکام سے ماشکیل میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کو کنٹرول کرنے کے حوالے سے فوری طور پر یوٹیلٹی اسٹور کی فراہمی کو یقینی بنانے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ عام آدمی کو ریلیف مل سکے دوسری جانب شہر میں پینے کی صاف پانی قلت اختیار کر گئی تین واٹر سپلائی اسکیمات ہونے کے باوجود کوشکی علیان کو جن کے سینکڑوں باسی پینے کے صاف پانی سے محروم جوہڑوں کا پانی پینے پر مجبور ہیں جبکہ جدید دور میں سرکاری خزانہ کو اخراجات سے بچنے کے لئے بلوچستان کے اکثر اضلاع میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے واٹر سپلائیاں سولر سسٹم سے منسلک ہو چکے ہیں مگر ماشکیل کے واٹر سپلائی اسکیمات تاحال ڈیزل پر چل رہے ہیں محکمہ صاف پانی کی قلت پر قابو پانے میں ناکام ہو چکی ہے اور لوگ جوہڑوں کے گندے پانی پینے پر مجبور ہیں جس سے مختلف قسم کی بیماریاں پھیلنے کا خدشہ ہے اور اکثر ضلع کے شعبہ ہیڈ کوارٹر ماشکیل میں گلے و بخار کی بیماری بڑھ گئی ہیں شہریوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ماشکیل کے مسائل حل کرنے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے جائیں

## ’’میں نہ مانوں کی سیاست‘‘لمحہ فکریہ!!

بلوچستان سمیت ملک بھر میں ان دنوں ایک ایسے وقت میں جب پہلے سے ہی شعبے مسائل اور مشکلات کی بھنور میں گھرے ہوئے ہیں حکومت کو معیشت سے لے کر معاشرت تک ہر شعبے ہر موڑ پر گوناگوں مسائل مشکلات اور چیلنجز درپیش ہیں۔ عام آدمی مسائل کے ہمالیہ سے نبرد آزما ہے ایسے میں سیاسی منظر نامے پر جاری غیر ضروری کشمکش ازحد تشویشناک اور پریشان کن ہے۔ ایف اے ٹی ایف کی گرے لسٹ سے اخراج کی کامیابی بہت مستحسن اور قابل اطمینان ہے لیکن یہ المیہ بھی ملاحظہ ہو کہ ایف اے ٹی ایف اعلامیہ کے فوری بعد اس اہم اور خالص قومی نوعیت کے حامل معاملے پر بھی کریڈٹ کی جنگ دیکھنے میں آئی۔ حکومت وقت نے اگرچہ اس اس حوالے سے کوئی چبھتا بیان نہیں دیا البتہ پی ٹی آئی قیادت نے جھٹ سے بیانات دینے شروع کئے کہ ایف اے ٹی ایف ایکشن پلان پر ہمارے دور میں کام ہوا ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ایف اے ٹی ایف کا اطمینان اور عالمی ادارے کے تحفظات کے ازالے اور غلط فہمیوں کو کافور کرنے کی حکمت عملی کی کامیابی قومی کامیابی ہے اور اس معاملے کو سیاست سے بالاتر ہو کر دیکھنے اور پرکھنے کی ضرورت ہے۔ باقی رہ گئی سیاسی منظر نامے کی بات کی تو ہفتہ رفتہ کے دوران خاصی گہما گہمی اور ہلچل چھائی رہی۔ ہر چند کہ اب تک پی ٹی آئی نے اپنے لانگ مارچ کا اعلان نہیں کیا تاہم گزشتہ روز چیئر مین پی ٹی آئی نے ایک بار پھر اس کا عندیہ دیا ہے اور کہا ہے کہ وہ انتخابات کے انعقاد کے اپنے مطالبے کو لے کر لانگ مارچ کریں گے اور اگلے چند دنوں میں اس کا اعلان کرنے والے ہیں۔ گزشتہ روز وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے ایک بار پھر حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا اور حکمران اتحاد کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ ہمارا لانگ مارچ باقی مارچز سے مختلف ہوگا۔ ہم مارچز کے ماہر ہیں اور ہمیں اس کا پورا تجربہ ہے۔ اس مارچ کے لیے جو میں نے قوم کی بے تابی دیکھی ہے اس سے قبل نہیں دیکھی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ میں اپنی پلاننگ کے حساب سے چل رہا ہوں لیکن قوم بے تاب ہے۔ ہر جگہ مجھے لوگ کہتے ہیں کہ آپ کب نکل رہے ہیں۔ اس سے بڑا احتجاج پاکستان کی تاریخ میں کبھی نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ پرامن ہوگا۔ میں نے اپنی چھبیس سال کی سیاست میں سب کچھ آئین اور قانون کے دائرے میں رہ کر کیا ہے۔ ہمارے مارچ میں کسی قسم کا تشدد نہیں ہوگا بلکہ لوگ اس سے لطف اندوز ہوں گے اور جمعرات یا جمعہ تک لانگ مارچ کا اعلان کردوں گا علاوہ ازیں تحریک انصاف کے چیئر مین نے یہ بھی کہا ہے کہ مذاکرات کا کوئی نتیجہ نہیں نکلنا ہم نے مذاکرات کس چیز کے لئے کرنے ہیں ہم انتخابات چاہتے ہیں ان کے بقول پاکستان اس وقت مسائل کی دلدل میں جا رہا ہے جس سے نکلنے کا ایک ہی راستہ ہے کہ انتخابات کروائے جائیں۔ تو ہمارے لیے مذاکرات کی بس اتنی اہمیت ہے کہ انتخابات ہوں۔ لیکن مجھے یقین ہے کہ انہوں نے انتخابات نہیں کروانے۔ خاص کر ہمارے کمزور حلقوں سے ان کے ہارنے کے بعد مجھے کوئی امید نہیں ہے انتخابات کی۔ بظاہر کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ آنے والے دنوں میں سیاسی منظر نامہ کیا سے کیا ہوتا ہم اب تک کی صورت احوال یہ ہے کہ انتخابات کے قبل از وقت انعقاد کے پی ٹی آئی کے مطالبے کو حکمران اتحاد نے بالکل بھی سنجیدگی سے نہیں لیا بلکہ پی ڈی ایم جماعتیں تو اتر سے یہی کہتی رہی ہیں کہ انتخابات اپنے وقت مقررہ پر ہوں گے گزشتہ روز خود وزیراعظم شہباز شریف نے بھی اس حوالے سے بیان دیا ہے اور کسی قسم کی لگی لپٹی رکھے بغیر کہا ہے کہ انتخابات گیارہ مہینوں کے بعد ہوں گے۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اور عطا تارڑ کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے ایف اے ٹی ایف کی گرے لسٹ سے پاکستان کے نکلنے پر پوری قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس سے معیشت میں بہتری آئے گی اور یہ کامیابی تمام اداروں کی اجتماعی کاوشوں کے طفیل حاصل ہوئی، انہوں نے کہا کہ ماضی میں ہماری میثاق معیشت پیشکش کو این آر او سے جوڑا گیا، عمران خان سرٹیفائیڈ چور ہے، قوم اس کی کسی کال پر باہر نہیں نکلے گی، موجودہ حکومت اپنی مدت پوری کرے گی اور گیارہ ماہ ملکی معیشت کو درست سمت پر گامزن کرنے کیلئے ڈٹ کر کام کرے گی، عام انتخابات مقررہ وقت پر ہوں گے، موجودہ اسمبلیوں کے باقی گیارہ مہینے ڈٹ کر کام کریں گے انہوں نے چیئر مین پی ٹی آئی پر تنقید اور طنز کے ایک سے ایک نشتر برسائے اور کہا کہ پی ٹی آئی حکومت بدترین دھاندلی کے نتیجہ میں قائم ہوئی، اس وقت ایوان وزیراعظم سے کٹے اور بھینسیں بیچی گئیں کہ یہ قومی خزانہ کی بچت ہے۔ کفایت شعاری کے نعرے لگانے والے شخص نے دوست ممالک سے مہنگے ترین تحفے بیچ کر پیسے جیب میں ڈال لئے۔ اگر یہ تحائف بیچ کر اس کی رقم قومی خزانہ میں جمع کرائی جاتی تو قوم آپ کو سلام کرتی اور مخالفین آپ کی قدر کرتے یہ تحائف کسی شخص کیلئے نہیں بلکہ ریاست کے لئے ہوتے ہیں۔ سابق وزیراعظم نے یہ تحائف بیچ کر پیسے اپنی جیب میں ڈال لئے۔ پہلے تحفہ لیا پھر اسے فروخت کر دیا۔ توشہ خانہ ریفرنس میں الیکشن کمیشن نے پچھلے دنوں اپنا فیصلہ بھی سنا دیا ہے جس کے خلاف پی ٹی آئی عدالت گئی ہے جبکہ ساتھ ہی ساتھ ہر گزرتے دن کے ساتھ پہلے سے موجود سیاسی مخاصمت، کشمکش اور عدم استحکام کی لہر گہری ہوتی جا رہی ہے جو کسی المیے سے کم نہیں ہم نے پہلے بھی بارہا کہا ہے آج بھی ہم یہ سمجھتے ہیں کہ حکومت اور اپوزیشن دونوں کو چاہئے کہ وہ درپیش حالات میں ملک وقوم کی ترقی بہتری روشن مستقبل کے لئے سر جوڑ کر بیٹھیں تعمیری کردار ادا کریں میں نہ مانوں کی رٹ درپیش مسائل کا حل نہیں بلکہ یہ بہت بڑا المیہ اور لمحہ فکریہ ہے جس پر بار ثانی غور و فکر کرنے اور مراجعت کی ضرورت ہے۔

## Tackling malnutrition

The United Nations Children's Fund (Unicef) has warned that health facilities, in the aftermath of the devastating floods, are reporting alarming levels of acute malnutrition among children in the affected areas, and called for support from the international community to reach over seven million children, adolescent girls and women who are in need of nutritious services. While more than one in nine children under five admitted to health facilities in the flood-affected areas of Sindh and Balochistan were found to be suffering from severe acute malnutrition, over one million people are in need of safe drinking water and over 6m in need of sanitation services, the UN agency said in a statement. Unicef also called for integrating nutrition into government's health delivery services and increased allocation of government funding for nutrition in the long term. It said of the over 22,000 children screened by health professionals since September this year at health facilities in flood-affected areas, more than 2,630 were diagnosed with severe acute malnutrition, or more than one in nine children. Estimates based on the pre-existing malnutrition prevalence of the latest National Nutrition Survey indicate that close to 1.6m children could be suffering from severe acute malnutrition and in need of urgent treatment in the flood-hit areas of Sindh and Balochistan. Malnourished pregnant women are also at risk of giving birth to low birth-weight babies who will be malnourished. Undoubtedly, this is an alarming situation as if practical and timely steps were not nutrition emergency can threat the lives of millions of children. It is feared that without urgent action, we are heading towards a catastrophic outcome that is threatening children's very development and survival. Though the global community has extended enough support in this connection so far, but still much more is needed to save children's lives. Even before the devastating floods, half of the children living in the now flood-affected districts were already stunted an irreversible condition that stunts the growth, physical and cognitive development of children. Likewise, more than 40 per cent of mothers suffered from anaemia. Over 25m children and women across Pakistan, including more than 7m children and women in flood-affected areas, require immediate access to essential nutrition services. To address this emerging issue, federal and provincial governments must further expedite their efforts and initiate poverty alleviation programmes to save millions children. Besides, awareness campaigns should be conducted regularly to educate people about the detrimental impact of malnutrition on children's mental and physical health. Keeping in view the flood devastations, the government needs to adopt a holistic strategy by simultaneously addressing the issues of flood affectees.

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 24 OCT 2022 Page No. 18



# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 24 OCT 2022 Page No.



کوئٹہ: صوبائی وزیر عبدالخالق ہزارہ، سینیٹر منظور کاکڑ، سابق گورنر ظہور آغا، رکن اسمبلی نصر اللہ زیرے و دیگر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



نصیر آباد: پارلیمانی سیکرٹری ڈاکٹر ربابہ بلیدی کو امدادی کارروائیوں سے متعلق بریفنگ دی جا رہی ہے

MASHRIQ QUETTA



نصیر آباد: پارلیمانی سیکرٹری ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کو ڈاکٹر داؤد ڈبلیو ایچ او کی ادویات کے اسٹاک کے حوالے سے آگاہی فراہم کر رہے ہیں

AZADI QUETTA



قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد جمالی سے سابق صوبائی وزیر غزالہ گولا کی قیادت میں خواتین کا وفد ملاقات کر رہا ہے۔



قائمقام گورنر بلوچستان میر جان محمد خان جمالی کا آل پاکستان مائنز اینڈ منرلز کے مالکان کے ساتھ گروپ فوٹو۔



لورلائی: صوبائی وزیر انڈسٹریز حاجی محمد خان طور اوتمانخیل ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عتیق الرحمن شاہوانی تعلیم کے حوالے سے بات چیت کر رہے ہیں۔